# Frequently Asked Questions

**الائیڈ ویزا پریمیم سپلیمنٹری ڈیبٹ کارڈ کیا ہے؟**

یہ ایک اضافی ڈیبٹ کارڈ ہے جو بنیادی (Primary) کارڈ ہولڈر کے اہلِ خانہ کے مستحق فرد کے لیے جاری کیا جاتا ہے۔ اس کارڈ سے ہونے والی تمام ٹرانزیکشنز کی رقم بنیادی کارڈ ہولڈر کے منسلک اکاؤنٹ سے وصول کی جاتی ہے۔

**ویزا پریمیم سپلیمنٹری ڈیبٹ کارڈ کے لیے درخواست کون دے سکتا ہے؟**

صرفالائیڈ ویزا پریمیم ڈیبٹ کارڈ کا بنیادی کارڈ ہولڈر ہیسپلیمنٹری ڈیبٹ کارڈ جاری کروانے کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔

**سپلیمنٹری ڈیبٹ کارڈ کن افراد کے لیے حاصل کیا جا سکتا ہے؟**

یہ کارڈ بنیادی کارڈ ہولڈر کے اہلِ خانہ، یعنی شریکِ حیات، والد، والدہ اور 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے بچوں کے لیے بینک کی مقررہ شرائط کے مطابق جاری کیا جا سکتا ہے۔

**سپلیمنٹری ڈیبٹ کارڈ کتنے جاری کیے جا سکتے ہیں؟**

ایکالائیڈ ویزا پریمیم ڈیبٹ کارڈ کے ساتھ زیادہ سے زیادہ دو سپلیمنٹری ڈیبٹ کارڈجاری کیے جا سکتے ہیں۔

**سپلیمنٹری ڈیبٹ کارڈ کہاں استعمال کیا جا سکتا ہے؟**

یہ کارڈ پاکستان اور بیرونِ ملک جہاں بھی ویزا قبول کیا جاتا ہے، وہاں اے ٹی ایم سے نقد رقم نکلوانے، پی او ایس مشینوں پر ادائیگی کرنے اور آن لائن خریداری کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

**سپلیمنٹری ڈیبٹ کارڈ کی ٹرانزیکشن کی حدود کیا ہیں؟**

سپلیمنٹری ڈیبٹ کارڈ کی یومیہ ٹرانزیکشن حدود بنیادی کارڈ کی مقررہ حدود کا 50% ہوں گی، جو بینک کی پالیسی اور مقررہ حدود کے مطابق لاگو ہوں گی۔

**ٹرانزیکشن الرٹس کس کو موصول ہوتے ہیں؟**

سپلیمنٹریڈیبٹ کارڈ ہولڈر سے ہونے والی ہر ٹرانزیکشن کی اطلاع کے رجسٹرڈ موبائل نمبر پر بھیجی جاتی ہے۔ بینک کی دستیاب اطلاع رسانی کی سہولت کے مطابق یہ الرٹس بنیادی کارڈ ہولڈر کو بھی موصول ہو تے ہیں۔

**سپلیمنٹریڈیبٹ کارڈ سے ہونے والی ٹرانزیکشنز کی ذمہ داری کس کی ہوگی؟**

سپلیمنٹری ڈیبٹ کارڈ سے ہونے والی تمام ٹرانزیکشنز کی ذمہ داری بنیادی کارڈ ہولڈر کی ہوگی، کیونکہ تمام ادائیگیاں اس کے منسلک اک

**سپلیمنٹری کارڈ ہولڈربنیادی اکاؤنٹ کی معلومات دیکھ سکتا ہے؟**

نہیں۔ سپلیمنٹری کارڈ ہولڈر بنیادی کارڈ ہولڈر کے اکاؤنٹ کا بیلنس، ٹرانزیکشن ہسٹری یا ڈیجیٹل بینکنگ پروفائل نہیں دیکھ سکتا۔

**اگر بنیادی کارڈ یا اکاؤنٹ بند ہو جائے تو کیا ہوگا؟**

اگر بنیادی ڈیبٹ کارڈ یا اس سے منسلک اکاؤنٹ بند یا مستقل طور پر بلاک کر دیا جائے توسپلیمنٹری ڈیبٹ کارڈ بھی خودکار طور پر غیر فعال ہو جائے گا۔